سالانہ امتحان 17-2016

اسلامیات

حیدرآباد بورڈ

(حصہ الف معروضی سوالات)

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) ضِعْفَيْنِ کے معنی .... ہیں۔
(الف) چار گنا (ب) دو گنا (ج) تین گنا (د) پانچ گنا

(ii) بُرَءٰؤُا کے معنی ...... ہیں۔
(الف) بے قرار (ب) بیزار (ج) بے شمار (د) بے اعتبار

(iii) اَلْكَوَافِر کے معنی ...... ہیں۔
(الف) منافق عورتیں (ب) کافر عورتیں (ج) مشرک عورتیں (د) فاسق عورتیں

(iv) جنگ بدر میں کفار کے لشکر کا سردار تھا۔
(الف) عتبہ (ب) عتیبہ (ج) ابوجہل (د) ان میں سے نہیں

(v) بیشک تمہارا...... اور اولاد بڑی آزمائش ہے۔
(الف) گھر (ب) کاروبار (ج) مال (د) ان میں سے نہیں

(vi) قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کو...... کرنے کا حکم دیا۔
(الف) شکر (ب) جہاد (ج) صبر (د) عبادت

(vii) قرآن شریف کے ایک حرف کی تلاوت پر کتنی نیکیاں ملتی ہیں۔
(الف) 10 (ب) 15 (ج) 20 (د) 05

(viii) زکوٰۃ کے معنی کیا ہیں؟
(الف) مدد کرنا (ب) پاک ہونا (ج) حکم ماننا (د) ان میں سے نہیں

(ix) حضور ﷺ کے منہ بولے بیٹے کا نام تھا۔
(الف) حضرت بلال (ب) حضرت حذیفہ (ج) حضرت اسامہ (د) حضرت زید

(x) اللہ تعالیٰ نے انسان کی کامل رہنمائی کے لیے...... مبعوث فرمائے۔
(الف) بزرگان دین (ب) فرشتے (ج) انبیاء کرام (د) علماء کرام

(xi) بیشک اللہ تعالیٰ آدمی اور اس کے...... درمیان حائل ہوتا ہے۔
(الف) دل (ب) معاملات (ج) راستے (د) ان میں سے نہیں

(xii) سورۃ الممتحنہ میں .... نے اللہ تعالیٰ سے اپنے باپ کے لیے مغفرت کی دعا مانگی۔
(الف) حضور ﷺ (ب) حضرت داؤد علیہ السلام (ج) حضرت یونس علیہ السلام (د) حضرت ابراہیم

(xiii) خاندان کے دو اہم ستون...... ہیں۔
(الف) مرد و عورت (ب) میاں بیوی (ج) ماں باپ (د) عزیز و اقارب

(xiv) ایک جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہو جانے کو...... کہتے ہیں۔
(الف) سفر (ب) ہجرت (ج) نصرت (د) سیاحت

(xv) اے نبی ﷺ مسلمانوں کو ...... کی ترغیب دو۔
(الف) جہاد (ب) آرام (ج) سفر (د) ان میں سے نہیں